(6 pages)

MAY 2023 **U/ID 33279/ULF4A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ ع ''زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے'' اس شعر کا مصرع ثانی کیا ہے؟

۲۔ ع ''وقت ٹھہرا ہے نہ شاعر کی نوا ٹھہری ہے'' اس کا مصرع اولیٰ کیا ہے؟

۳۔ نظم کی کوئی ایک خصوصیت بیان کیجئے۔

۴۔ کسی دو غزل گو شعراء کا نام بتائیے۔

۵۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

۶۔ رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۷۔ ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۸۔ ''بدلی کا چاند'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

۹۔ کسی دو نظم نویس شعراء کے نام بتائیے۔

۱۰۔ میر تقی میر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

۱۱۔ ''تاج محل'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

۱۲۔ نظیر اکبر آبادی کی لکھی ہوئی کسی ایک نظم کا نام بتائیے؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ اشعار کی صنف وشاعر کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

۱۳۔ شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

۱۴۔ عہد جوانی رورو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

۱۵۔ ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

۱۶۔ دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں

۱۷۔ وصال کو ہم ترس رہے تھے جو اب ہوا تو مزا نہ پایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اس کو رنج والم نہ ہوتا

۱۸۔ کو بہ کو پھیل گئی بات شناسائی کی
اس نے خوشبو کی طرح میری پذیرائی کی

۱۹۔ کیا لطف کہ میں اپنا پتہ آپ بتاوں
کیجے کوئی بھولی ہوئی خاص اپنی ادا یاد

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ نظم ''شکوہ'' اور ''جواب شکوہ'' میں اقبال نے کیا محاکمہ پیش کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۲۱۔ نظم ''بدلی کا چاند'' میں جوش ملیح آبادی نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

۲۲۔ فیض احمد فیض کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ اور تشریح بیان کیجئے۔

۲۳۔ ساحرلدھیانوی کی نظم 'تاج محل'، میں کن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ واضح کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے :

(الف) کورونا وائرس۔

(ب) سوشیل میڈیا کے فائدے اور نقصانات۔

(ج) آپ کا پسندیدہ شاعر۔
